وزیر اعظم کا ماریشس کے سرکاری دورے پر روانگی سے قبل بیان (مارچ 10، 2025)

10 مارچ، 2025

میں اپنے دوست وزیر اعظم ڈاکٹر نوین چندر رام گلام کی دعوت پر میں ماریشس کے 57ویں قومی دن کی تقریبات میں شرکت کے لیے دو روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہو رہا ہوں۔

ماریشس ایک قریبی سمندری پڑوسی ہے، بحر ہند میں ایک اہم شراکت دار، اور افریقی براعظم کا راہگزر ہے۔ ہم تاریخی، جغرافیائی اور ثقافتی لحاظ ست سے جڑے ہوئے ہیں۔ گہرا باہمی اعتماد، جمہوریت کی قدروں میں مشترکہ یقین اور ہمارے تنوع کا جشن ہماری طاقت ہے۔ عوام سے عوام کا قریبی اور تاریخی رابطہ مشترکہ فخر کا سبب ہے۔ ہم نے گزشتہ دس سال میں لوگوں پر مرکوز اقدامات کی مدد سے ساتھ نمایاں پیش رفت کی ہے۔

میں ماریشس کی قیادت کے ساتھ بات چیت کے اس موقع کا منتظر ہوں تاکہ ہماری شراکت داری کو اس کے تمام پہلوؤں میں مزید فروغ دیا جا سکے اور ہماری دیرینہ دوستی مضبوط بنائی جا سکے، تاکہ ہمارے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے لیے اور بحر ہند کے علاقے میں سلامتی اور ترقی کے لیے کام کیا جا سکے، جو کہ ہمارے وژن ساگر کا ایک اہم حصہ ہے۔

مجھے یقین ہے کہ یہ دورہ ماضی کی بنیادوں پر استوار ہوگا اور بھارت اور ماریشس کے تعلقات میں ایک نئے اور روشن باب کا آغاز کرے گا۔

نئی دہلی

10 مارچ، 2025